تہم گوجرانوالہ بورڈ 2014

ریاضی (سائنس گروپ) (نیو سکیم) پرچہ: I (معروضی)

وقت: 20 منٹ (پہلا گروپ) کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1- کون سا عدد غیر مساوات $3 - 4x \leq 11$ کا حل ہوگا؟

(A) -8 (B) $\frac{-14}{4}$ (C) -2 (D) ان میں سے کوئی نہیں

2- کسی مثلث میں صرف --------- ہی قائمہ زاویہ ہو سکتا ہے۔

(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) ان میں سے کوئی نہیں

3- ایک چوکور جس کا ہر ایک زاویہ $90°$ ہو کہلاتی ہے۔

(A) متوازی الاضلاع (B) مستطیل (C) مثلث (D) قائمۃ الزاویہ مثلث

4- $a^3 + b^3$ اور $a^2 - ab + b^2$ کا عاد اعظم ہے ---------

(A) $a+b$ (B) $a^2 - ab + b^2$

(C) $(a-b)^2$ (D) $a^2 + b^2$

5- $(4)^{\frac{2}{3}}$ کو ریڈیکل فارم میں ہے۔

(A) $\sqrt{4^3}$ (B) $\sqrt[3]{4^2}$ (C) $\sqrt[2]{4^3}$ (D) $\sqrt{4^6}$

6- متوازی الاضلاع کے مخالف اضلاع ہوتے ہیں -------

(A) متوازی (B) متماثل

(C) دونوں A اور B (D) ان میں سے کوئی نہیں

7- متماثل اشکال رقبہ میں ہوتی ہیں۔

(A) ایک جیسی (B) مختلف (C) خالی (D) ان میں سے کوئی نہیں

8- $3x^2 - x - 2$ کے اجزائے ضربی ہیں ---------

(A) $(x+1)(3x-2)$ (B) $(x+1)(3x+2)$

(C) $(x-1)(3x-2)$ (D) $(x-1)(3x+2)$

9- اگر $y = \log_z x$ ہو تو ---------

(A) $z^y = x$ (B) $x^y = z$ (C) $x^z = y$ (D) $y^z = x$

10- قالب $\begin{bmatrix} 2 & 1 \\ 0 & 1 \\ 3 & 2 \end{bmatrix}$ کے ٹرانسپوز کا مرتبہ ہوگا۔

(A) 3 - by - 2 (B) 2 - by - 3

(C) 3 - by - 1 (D) 1 - by - 3

11- متشابہ مثلثان کی شکل ایک جیسی لیکن ان کے سائز --------- ہوتے ہیں۔

(A) ایک جیسے (B) مختلف

(C) دونوں A اور B (D) ان میں سے کوئی نہیں

12- مقدار اصم $a + \sqrt{b}$ کا زوج جملہ ------ ہے۔

(A) $-a + .\sqrt{b}$ (B) $\sqrt{a} + \sqrt{b}$ (C) $a - \sqrt{b}$ (D) $\sqrt{a} - \sqrt{b}$

13- ایک مثلث جس کے تینوں اضلاع متماثل ہوں کہلاتی ہے --------

(A) مساوی الساقین (B) مختلف الاضلاع

(C) مساوی الاضلاع (D) قائمۃ الزاویہ

14- مثلث کے زاویوں کے ناصف ہوتے ہیں۔

(A) ہم نقطہ (B) غیر ہم نقطہ

(C) اضلاع سے ہم فاصلہ (D) زاویوں سے ہم فاصلہ

15- کون سا نقطہ مساوات $y = 2x$ کے گراف پر واقع ہے؟

(A) (2, 1) (B) (2, 2) (C) (0, 1) (D) (1, 2)

www.ilmkidunya.com